© rasailojaraid.com

ہے۔ انہوں نے "جاگ ہندو جاگ" کے نام سے یہ کتابچہ انگریزی میں لکھا تھا اور پروفیسر آسی ضیائی صاحب نے اسے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ میرا خیال ہے کہ فاضل مصنف اور محترم مترجم نے یہ ایک بہت مفید کام کیا ہے۔ اس کتابچے کے مطالعے سے اس ذہن کے تمام تاریک گوشے بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ آج کا ہندو بھارت اپنی تمام توانائیاں سمیٹ کر اور بھیانک عزائم منظم کر کے پاکستان کے سامنے آکھڑا ہوا ہے اور نہیں کہا جاسکتا کہ اس کی حماقت کل اس خطے کو کن حالات سے دوچار کر دے گی۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ سیکولرازم کے نقاب میں چھپا ہوا بھارت کا اصل چہرہ دیکھا جائے، بلکہ خود بھارت کے باسیوں کو بھی آئینہ دکھایا جائے اور ڈاکٹر چیٹر جی نے یہ کام بہت قابلیت سے کیا ہے۔

(سید نظر زیدی)

---

**بعثتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)** | مؤلف: جناب وسیم ڈار۔ ناشر: اساس پبلشرز، پوسٹ بکس نمبر ۱۱۵۸۰ کراچی ۴۸۰۰۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتابچہ میں مؤلف نے پارسیوں، بدھوں، ہندوؤں، عیسائیوں اور یہودیوں کی مقدس کتابوں کی وہ عبارتیں درج کی ہیں، جن میں رحمتِ دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ مؤلف مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ایک نہایت مفید کام کیا ہے۔ اس مطالعے سے معلومات میں بیش بہا اضافہ ہوتا ہے۔

(سید نظر زیدی)

---

**مسئلہ شفاعت** | مؤلف: محمد نصیر قریشی الفاروقی۔ ناشر: نصیر و اولادہ، مکان ۹/۱ گلی نمبر ۲۴۔ مسعود پارک، نئی آبادی ڈھولن وال، لاہور ۱۸۔ صفحات: ۱۴۴ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں عقیدۂ شفاعت کو کسی گروہی تعصب کے بغیر تفصیل سے بیان کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گیا ہے۔ کتاب و سنت اور اقوالِ سلف کی روشنی میں اس مسئلے پر نہایت معتدل اور صحیح حوالوں کے ساتھ سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ بعض لوگوں میں ایک ایسا تصورِ شفاعت رائج ہے جو آدمی کو گناہوں پر جری کر دیتا ہے۔ مگر یہ پمفلٹ اِس تصور کی پرچھائیں سے محفوظ ہے۔

(محمد رفیق چودھری)

---

**نظریۂ پاکستان اور مولانا آزادؒ** مرتب: مختار الحسینی۔ ناشر: بساط ادب، ادبی مارکیٹ، چوک انارکلی، لاہور ۲۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۲۵/ روپے

یہ کتابچہ جو اس سے پہلے "اسلامی جمہوریت کے تقاضے" کے عنوان سے چھپا یا گیا، اپنے مندرجات کے لحاظ سے اس عنوانِ جدید کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔ کیونکہ جنوبی ایشیا میں مولانا آزاد مرحوم سے بڑھ کر نظریہ پاکستان کا کوئی اور مخالف نہ تھا۔ پھر ان کی یہ ساری تحریر اس زمانے کی ہے جب تحریک پاکستان شروع بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس لیے اس میں پاکستان کا لفظ استعمال تک نہیں ہوا۔ البتہ خلافت و جمہوریت پر یہ بڑا وقیع علمی مضمون ہے۔ محض اختلافات کی وجہ سے علمی استفادہ کا دروازہ بند نہیں ہونا چاہیے۔

(محمد رفیق چودھری)

---

## ضروری اطلاع

براہ کرم ماہنامہ "ترجمان القرآن" کا سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کی صورت میں ارسال فرمائیں۔ چیک روانہ فرمانے کی زحمت نہ کریں۔ نوازش ہوگی۔

منیجر

ماہنامہ ترجمان القرآن لاہور

© rasailojaraid.com